Fikr-o-Nasar (Islamabad) 16:8 (1979)
© rasailojaraid.com

# نبی اکرمؐ کی سیرت طیبہ کے خال و خط

حافظ محمد یونس

انسانی زندگی میں سب سے ممتاز اگر کوئی چیز ہے تو وہ اخلاق ہے۔ جو شئے دوسروں کو سب سے زیادہ متاثر کرتی ہے اور ایک انسان کو دنیا والوں کی نگاہوں میں محبوب بناتی ہے، وہ اخلاق ہی ہے۔ انسان کتنا ہی حسین و جمیل، تنومند، بہادر صاحب علم و بصیرت اور مال دار کیوں نہ ہو، لیکن اگر اس کا اخلاق اچھا نہیں ہے تو وہ کبھی حقیقی عزت و وقار کا اہل ثابت نہیں ہو سکتا۔

اچھی چیزوں کو ہر دور اور ہر زمانہ میں اچھا ہی کہا گیا ہے۔ آج بھی اخلاص و ایثار، صبر و تحمل، فیاضی و سیر چشمی، نرمی اور شفقت کی تلقین کرنے والے بے شمار مل جائیں گے۔ لیکن سوال تو یہ ہے کہ قول کو عمل کی صورت میں دنیا کے سامنے پیش کرنے والے کتنے ہیں۔ حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی پیغمبرانہ زندگی کا یہ ایک سنہرا عنوان ہے کہ جو کچھ کہا وہی کیا، جو خود کیا کرتے تھے اسی کی نصیحت و ہدایت دوسروں کو فرمایا کرتے تھے۔ انسان کے اخلاق کا راز دان بیوی سے بڑھ کر اور کون ہو سکتا ہے۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رض کو مسلسل پچیس سال تک حضورص کی رفاقت کا شرف حاصل رہا۔ انھوں نے نبوت سے قبل کی زندگی بھی دیکھی اور نبوت سے بعد کا دور بھی دیکھا۔ جب آپؐ پر پہلی وحی نازل ہوئی اور آپؐ پر پریشانی کا عالم طاری ہوا تو حضرت خدیجہ رض نے جن



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



الفاظ میں آپ کو تسکین دی وہ آپ کے نبوت سے قبل زندگی کے مکارم اخلاق پر روشنی ڈالتے ہیں۔ انھوں نے عرض کی، ''ہرگز نہیں خدا کی قسم! اللہ آپ کو کبھی ضائع نہیں کرے گا کیوں کہ آپ غریبوں کی امداد کرتے ہیں، مقروضوں کا قرض اتارتے ہیں، مصیبت میں لوگوں کے کام آتے ہیں، حق کی حمایت کرتے ہیں، مہمانوں کی عزت کرتے ہیں، قرابت داروں کا حق ادا کرتے ہیں''۔ (صحیح بخاری باب بدءو الوحی) آپ کی دوسری بیوی حضرت عائشہ صدیقہؓ جو کہ علم و فضل میں بلند مرتبہ رکھتی ہیں، آپ کا پورا دور نبوت ان کی آنکھوں کے سامنے گزرا۔ ان سے زیادہ حضورؐ کے مکارم اخلاق کا جاننے والا اور کون ہو سکتا ہے۔ ایک دفعہ صحابہ نے ان سے حضورؐ کے اخلاق کے متعلق پوچھا تو انھوں نے فرمایا ''ان خلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان القرآن'' (آپ کا اخلاق قرآن تھا) (ابوداؤد باب الصلوۃ فی اللیل) آپ مختلف موقعوں پر حضور کے محامد اور اوصاف پر روشنی ڈالتی رہتی تھیں، فرماتی ہیں:

''آپ نے کبھی کسی سے اپنے ذاتی معاملہ میں انتقام نہیں لیا۔ آپ کسی کو برا بھلا نہیں کہتے تھے۔ برائی کے بدلے میں برائی سے کبھی کام نہ لیا۔ ہمیشہ در گزر کرتے اور معاف فرمادیتے۔ کسی پر کبھی لعنت نہیں کی۔ کسی غلام یا جانور تک کو نہیں مارا۔ کسی کی جائز درخواست رد نہیں کی۔'' گھر میں تشریف لاتے تو مسکراتے ہوئے آتے۔ اگر کسی کی کوئی حرکت پسند نہ ہوتی تو اس کا نام لے کر منع نہ فرماتے''، (صحیح بخاری مسلم و ابوداؤد) بلکہ یوں فرماتے ''لوگوں کو کیا ہوگیا ہے کہ ایسا ایسا کرتے ہیں''۔

حضرت علیؓ ۲۳ برس تک آپ کی نجی زندگی کے شاھد رہے۔ سفر، حضر، جلوت و خلوت میں ساتھ رہنے کے مواقع ان کو ملے۔ وہ فرماتے ہیں۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



''آپ خندہ جبیں اور نرم خو تھے، تنگ دل، تنگ گیر اور عیب جو نہ تھے۔ کسی کو مایوس نہ کرتے تھے۔ فضول باتیں نہ کرتے تھے۔ جن باتوں پر دوسرے ھنستے آپ بھی مسکرا دیتے۔ نہایت فیاض، راست گو اور خوش صحبت تھے۔ اپنی تعریف پسند نہ کرتے تھے۔ کوئی شخص پہلی دفعہ آپ کو دیکھتا تو مرعوب ھوجاتا تھا، لیکن جیسے جیسے مانوس ھوتا جاتا محبت کرنے لگتا۔ اور کہا کرتا کہ میں نے آپ جیسا کوئی بھی اس سے پہلے یا بعد نہیں دیکھا،، (شمائل ترمذی، حلیہ مبارک) سب سے بڑھ کر یہ کہ خدائے قدوس نے آپ کے متعلق ''انك لعلى خلق عظيم،، فرمایا، (القلم آیت : ۴) (آپ خلق عظیم کے مالک ھیں)۔ آپ کے اخلاق کریمانہ کی شہادت ایک جگہ قرآن حکیم ان الفاظ میں دیتا ھے۔

لقد جاء کم رسول من انفسکم عزیز علیه ماعنتم حریص علیکم بالمؤمنین رؤف رحیم،، (توبہ۔ آیت : ۱۲۸) (تمہارے پاس خود تم میں سے ایک رسولؐ آیا۔ جس پر تمہاری تکلیف بہت گراں گزرتی ھے۔ وہ تمہاری بھلائی کا بھوکا ھے۔ ایمان والوں پر نہایت شفیق اور مہربان ھے۔)

اللہ تعالی نے آپ کے ان جذبات ترحم کا ذکر کیا ھے جو آپ کے دل میں بنی نوع انسان کے لئے تھے۔

فبما رحمة من الله لنت لهم ولو كنت فظا غليظ القلب لا انفضوا من حولك۔ (آل عمران آیت : ۱۵۹) (اللہ کے فضل و کرم سے آپؐ ان سے نرمی سے پیش آتے ھیں، اگر کہیں آپؐ کج خلق اور سخت دل ھوتے، تو یہ لوگ آپؐ سے دور بھاگتے۔)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## خوش خلقی :

نبی کریم علیہ السلام اصول کے بے حد پابند تھے، جس کام کو ایک دفعہ شروع کر دیا اور جو عادت اختیار کرلی، بغیر کسی خاص وجہ کے اسے کبھی ترک نہ کیا۔ تمام اخلاق و اعمال پختہ اور مستحکم تھے۔ اپنے معمولات میں کبھی فرق نہیں کیا۔ نہایت خوش اخلاق اور خندہ رو تھے۔ کسی کی دل شکنی گوارا نہ تھی۔ کسی سے ملتے تو پہلے خود سلام فرماتے۔ اور مصافحہ کے لئے ہاتھ بڑھاتے۔ (ابو داؤد و ترمذی)

''ایک دفعہ ایک شخص ملاقات کے لئے آیا۔ آپص نے فرمایا کہ یہ اپنے قبیلے کا اچھا آدمی نہیں ہے، لیکن پھر بھی بلالو۔ جب وہ حاضر ہوا تو آپص نے اس کے ساتھ نہایت نرم لہجہ اختیار کیا۔ حضرت عائشہرض کو تعجب ہوا تو آپص نے فرمایا۔ ''خدا کے نزدیک سب سے برا وہ شخص ہے جس کی بد زبانی کی وجہ سے لوگ اس سے ملنا جلنا چھوڑ دیں،،۔ (صحیح بخاری ابو داؤد کتاب الادب باب حسن العشرۃ) ''حضرت ابو ذر غفاریرض کو ایک دفعہ طلب فرمایا۔ وہ گھر نہ ملے۔ تھوڑی دیر کے بعد آئے تو آپ لیٹے ہوئے تھے۔ دیکھتے ہی اٹھ کھڑے ہوئے، اور سینہ سے لگایا،،۔ (ابو داؤد کتاب الادب باب المعانقۃ)

## امانت و دیانت :

آپص کے حسن سلوک اور امانت و دیانت کی وجہ سے نبوت سے قبل ہی آپص کو قوم سے ''الامین،، کا لقب مل چکا تھا۔'' ایک دفعہ ایک بدو آپص سے اپنا قرض مانگنے آیا۔ اس نے اس گستاخی اور بدتمیزی سے گفتگو کی کہ صحابہرض اسے برداشت نہ کرسکے۔ انھوں نے اسے ڈانٹا۔ بدو نے کہا۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



''میں تو اپنا حق مانگ رہا ہوں،،۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، کہ تم لوگوں کو تو اس کا ساتھ دینا چاہئیے تھا۔ کیونکہ واقعی اس کو کہنے کا حق ہے۔ اس کے بعد صحابہ سے فرمایا اس کا قرض بھی ادا کردو اور اس کو کچھ زیادہ بھی دے دو،، (ابن ماجہ باب لصاحب الحق سلطان)

''غزوہ حنین میں آپ‌ص کو کچھ اسلحہ کی ضرورت پیش آئی۔ آپ‌ص نے صفوان سے زرہیں مانگیں۔ وہ کہنے لگا۔ ''محمد‌ص! کیا کچھ غصب کرنے کا ارادہ ہے؟،، فرمایا ''نہیں۔ مجھے عاریۃ چاہئیں،،۔ اگر کوئی زرہ کم ہوگئی تو اس کا تاوان ادا کردوں گا۔،، واپسی پر واقعی کچھ زرہیں کم ہو گئیں۔ آپ‌ص نے صفوان کو بلا کر معاوضہ دینا چاہا تو وہ کہنے لگا۔ '' یا رسول اللہ میرے دل کی حالت اب پہلے جیسی نہیں۔ مسلمان ہوگیا ہوں، اور معاوضہ نہیں لوں گا،،۔ (ابو داؤد باب تضمین العاریۃ)

## عدل و انصاف:

عدل و انصاف کے معاملہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی پوزیشن بہت نازک ہوجاتی تھی جب سینکڑوں قبائل سے واسطہ پڑتا تھا اور وہ آپس میں دشمن بھی ہوتے تھے۔ ایک قبیلے کی جائز حمایت پر بھی دوسرے کی ناراضگی کا اندیشہ ہوتا تھا۔ لیکن آپ‌ص نے پیچیدہ سے پیچیدہ صورت حال میں بھی عدل و انصاف کا دامن کبھی ہاتھ سے نہیں چھوڑا۔ غور فرمائیے۔ کتنا نازک موقعہ ہے کہ دربار نبوت میں مغیرہ‌رض بن شعبہ آتے ہیں اور استغاثہ دائر کرتے ہیں کہ صخر نے میری پھوپی کو قبضہ میں لے رکھا ہے۔ آپ‌ص انہیں بلا کر حکم دیتے ہیں کہ ''ان کی پھوپی کو ان کے گھر پہنچا دو۔،، اس کے بعد بنو سلیم آتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمارے کفر کے زمانہ میں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



صخر نے ہمارے چشمہ پر قبضہ کر لیا تھا۔ اب ہم اسلام لے آئے ہیں، ہمارا چشمہ دلا دیجیئے۔ آپؐ نے پھر صخر کے خلاف حکم دیا، اور انہیں منظور کرنا پڑا۔ یہ صخر وہ بزرگ ہیں جو ایک بڑے طاقت ور قبیلہ کے سردار تھے۔ اور جنھوں نے یہ سن کر کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم طائف کا پندرہ روزہ محاصرہ چھوڑ کر واپس چلے گئے ہیں خود جا کر طائف والوں کو اتنا دبایا کہ وہ مصالحت پر مجبور ہوگئے۔ اور بارگاہ رسالتؐ میں اس خدمت کی اطلاع بھیجی، اسلام اور مقاصد اسلام کا اتنا زبردست حامی کہ احسان بھی کر چکا ہے۔ اس کے خلاف فیصلہ دینا معمولی بات نہ تھی۔ ایسے مواقع پر بڑے بڑے مضبوط قدم متزلزل ہو جاتے ہیں۔ خود حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ انور پر فیصلہ دیتے وقت حیا کی سرخی آگئی تھی۔ کہ صخر کو طائف کی فتح کا کوئی صلہ نہ ملا۔ اور انہیں دونوں معاملوں میں شکست ہوئی لیکن یہ آپؐ کی انصاف پسندی کا جذبہ تھا۔ جو نازک ترین حالات میں بھی بیدار رہا۔ (ابو داؤد ص: ۸۰ جلد ۲)

عدل و انصاف کی اس سے بھی بڑھ کر بے نظیر مثال دیکھئے کہ قریش کے ایک معزز خاندان کی ایک عورت چوری کے جرم میں گرفتار کر کے لائی جاتی ہے لوگ چاہتے ہیں کہ یہ سزا سے بچ جائے جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کے محبوب غلام حضرت زیدرضؓ کے صاحبزادے حضرت اسامہ رضؓ رہائی کی سفارش کرتے ہیں۔ آپ کا چہرہ غصہ سے دفعتہً سرخ ہوجاتا ہے۔ اور فرماتے ہیں۔

''بنی اسرائیل اسی لئے تباہ ہوئے کہ وہ امراء سے در گزر کرتے اور غرباء کو سزا دے دیتے تھے۔ قسم خدا کی اگر محمد کی بیٹی فاطمہ بھی چوری کرتی تو



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



میں اس کا ہاتھ بھی کاٹ دیتا،،۔ (صحیح بخاری کتاب الحدود)

اس عدل و انصاف کا یہ اثر تھا کہ اگرچہ یہودی آپصلعم کے سخت ترین دشمن تھے۔ مگر وہ اپنے مقدمات آپصلعم ہی کی عدالت میں لاتے تھے۔ اور آپصلعم ان کی شریعت کے مطابق ان کا فیصلہ کرتے۔

**ایک مثالی واقعہ :**

مدینے میں ایک یہودی اور ایک منافق جو بظاہر مسلمان تھا۔ آپس میں کسی معاملہ میں جھگڑ پڑے۔ وہ دونوں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے۔ آپصلعم نے دلائل سننے کے بعد یہودی کے حق میں فیصلہ کر دیا۔ جب وہ دونوں باہر آئے تو منافق نے کہا۔ مجھے یہ فیصلہ منظور نہیں ہے۔ چلو عمر بن خطابرض کے پاس چلتے ہیں۔ اس کا خیال تھا کہ میں اسلام کا دعوے دار ہوں اس لئے وہ میری رعایت کریں گے۔ حضرت عمررض نے دلائل سنے تو آپ کو معلوم ہوا کہ حضورصلعم یہودی کے حق میں فیصلہ دے چکے ہیں۔ انھوں نے منافق کو قتل کر دیا۔ کہ جب رسول اللہ نے فیصلہ سنا دیا ہے تو ان کے انصاف کے سامنے ہماری کیا مجال ہے کہ دم مار سکیں۔ اللہ پاک نے اس کی تائید میں رسولصلعم کے عدل و انصاف کو معیار قرار دیتے ہوئے اسے مسلمان ہونے کی شرط قرار دے دیا۔

فلا و ربك لا یؤمنون حتی یحکموك فیما شجر بینهم ثم لا یجد وا فی انفسهم حرجا مما قضیت و یسلموا تسلیما۔ (النساء آیت ٦٥)۔ (تیرے رب کی قسم کہ جب تک یہ لوگ تم کو اے رسولصلعم تمام معاملات میں منصف نہ جان لیں گے پھر تمہارے فیصلے سے ان کے دل تنگ نہ ہوں۔ اور آپصلعم کے ہر



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حکم کو خوشی کے ساتھ دل سے قبول نہ کرلیں گے ۔ اس وقت تک یہ لوگ ہر گز ایمان دار نہیں ہو سکتے ۔)

ایک مرتبہ اتفاق سے کہیں ایک شخص کے منہ پر آپ صلعم کی چھڑی کی خراش آگئی ۔ فوراً بولے ''مجھ سے انتقام لے لو،، ۔ مگر اس شخص نے معاف کر دیا ۔ (ابو داؤد باب ۔ القود بغیر حدید)

**جودو سخا :**

جود و سخا میں آپ صلعم اپنا نظیرنہ رکھتے تھے ۔ تمام زندگی کسی کے سوال پر ''نہیں،، کا لفظ زبان پاک سے نہیں نکلا ۔ (صحیح بخاری کتاب الادب باب حسن الخلق)

آپ صلعم فرمایا کرتے تھے ۔ واللہ یعطی وانا قاسم (میں تو بانٹنے کے لئے آیا ہوں اللہ پاک عطا کرتا رہتا ہے۔) ایک مرتبہ ایک شخص کے سوَال پر آپ صلعم نے بکریوں کا ریوڑ کا ریوڑ اسے دے دیا ۔ جس پر اس نے قبیلہ میں جا کر کہا ۔ ''اسلام قبول کرلو۔ محمد تو اتنے فیاض ہیں کہ مفلس ہو جانے کی پروا بھی نہیں کرتے،، ۔ (صحیح بخاری باب حسن الخلق والسخا)

''جو آتا تھا شام تک سب تقسیم کر دیتے تھے ۔ ایک روز لینے والا کوئی نہ آیا ۔ سات دینار بستر پر پڑے رہ گئے ۔ تو چہرہ پر پریشانی کے آثار تھے ۔ فرمایا کہ محمد اس حال میں اپنے رب سے ملے کہ اس کے گھر میں نقدی ہو،، ؟ (مسند ابن حنبل ۔ ج ۔ ۶ صفحہ ۲۹۳)

حضرت ابو ذر رض سے ایک دفعہ راستے میں فرمانے لگے ۔ کہ ''اگر میرے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پاس احد کے پہاڑ برابر بھی سونا ہوجائے۔ تو میں اسے تین راتوں سے زیادہ رکھنا پسند نہ کروں گا،،۔ (صحیح بخاری کتاب الاستقراض)

''ایک دفعہ بحرین سے اتنا مال آیا کہ اس سے پہلے دیکھنے میں نہیں آیا تھا۔ آپصؐ نے مسجد کے صحن میں ڈھیر کروا دیا۔ اور اسے تقسیم کرنے بیٹھ گئے۔ جو آتا دیتے چلے جاتے۔ حضرت عباسؓ کو اتنا ملا کہ وہ بوجھ سے چل نہ سکتے تھے۔ جب کچھ نہ رہا۔ تو کپڑے جھاڑ کر کھڑے ہو گئے،،۔ (صحیح بخاری باب القسمة) گھر والوں نے عرض کی ''کہ کچھ ہمارے لئے بھی رکھ لیا ہوتا،،۔ تو فرمایا۔ ''پیغام بھجوا دیتیں تمہیں بھی بھیج دیتا،،۔ آپصؐ نے عام اعلان فرما دیا تھا۔ کہ ''جو مسلمان مرجائے اور اس کے ذمہ قرض ہو۔ تو وہ میں ادا کروں گا۔ اور اس کے ترکہ کے مالک اس کے وارث ہوں گے،،۔ (صحیح بخاری)

فدک کے رئیس نے آپصؐ کی خدمت میں چار اونٹ غلہ سے لاد کر ہدیہ بھیجے۔ آپصؐ نے حضرت بلالؓ سے فرمایا ''کہ بازار میں بیچ کر مجھ پر جو قرض ہے ادا کردو۔ انھوں نے ارشاد کی تعمیل کی۔ آپصؐ نے پوچھا ''کچھ بچ تو نہیں رہا،،۔ بولے ''ہاں کچھ بچ بھی رہا ہے،،۔ فرمایا ''جب تک سب ختم نہیں ہوجائے گا۔ میں گھر میں نہیں جاؤں گا،،۔ حضرت بلالؓ نے عرض کی حضور ''کوئی لینے والا نہیں،،۔ آپصؐ نے تمام رات مسجد میں گزاری۔ صبح کو حضرت بلالؓ نے آ کر خوش خبری دی کہ ''حضور سب تقسیم ہو گیا ہے،،۔ آپصؐ نے اللہ کا شکر ادا کیا اور گھر تشریف لے گئے۔ (ابو داؤد باب قبول هدايا المشركين)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**ایثار:**

دنیا میں ایثار بڑی چیز ہے اور ایسے انسان بہت ہی کم ہیں جو دوسروں کے مفاد کو ذاتی مفاد پر ترجیح دیں، حضرت فاطمہؓ آپصؐ کی کتنی پیاری اور عزیز بیٹی تھیں۔ جب وہ آتی تھیں تو آپصؐ فرط محبت سے اٹھ کھڑے ہوتے تھے۔ پیار کرتے تھے۔ اور اپنی جگہ پر بٹھایا کرتے تھے۔ جب انھوں نے تکلیف و مشقت سے تنگ آکر ایک کنیز کی درخواست کی۔ تو ارشاد ہوا کہ ''جب تک اصحاب صفہ کا بندوبست نہ ہولے میں اور طرف متوجہ نہیں ہوسکتا،، (ابو داؤد)

**سوال کی ذلت:**

گو آپصؐ نے عطا کرتے وقت مستحق اور غیر مستحق کی کبھی تمیز نہ کی تھی۔ تاہم ایک بار حجۃ الوداع کے موقعہ پر جب آپصؐ غنیمت کا مال تقسیم فرما رہے تھے۔ تو دو شخصوں نے آکر سوال کیا۔ آپصؐ نے جو نگاہ اٹھا کر دیکھا، تو وہ تنومند اور تندرست تھے۔ آپصؐ نے فرمایا۔ ''اگر تم چاہو۔ تو میں تمہیں اسی میں سے دے سکتا ہوں۔ لیکن تندرست اور غنی لوگوں کا اس میں حصہ نہیں رہے،،۔ (ابو داؤد کتاب الزکوٰۃ)

ایک دفعہ قبیصہ نامی ایک شخص بارگاہ رسالتصؐ میں حاضر ہوا۔ اور عرض کی۔ کہ ''میں مقروض ہوں۔ مجھے کچھ عنایت فرمایا جائے،،۔ آپصؐ نے فرمایا ''قبیصہ ہاتھ پھیلانا صرف تین آدمیوں کے لئے جائز ہے۔ پہلا وہ آدمی جو مقروض ہو، دوسرے وہ شخص جس کا تمام سرمایہ تباہ ہو گیا ہو، اور وہ اچانک کسی ناگہانی مصیبت کا شکار ہو گیا ہو۔ اور تیسرے وہ آدمی جس پر فاقوں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کی نوبت آجائے اور محلہ کے تین آدمی اس کی اس حالت پر گواہ ہوں۔ ان کے علاوہ جو آدمی مانگ کر کھاتا ہے۔ وہ حرام کھاتا ہے،،۔ (ابو داؤد کتاب الزکوۃ۔)

ایک روز چند انصاری آپ‌ص کی خدمت میں آئے۔ اور اپنی حاجت پیش کی۔ آپ‌ص نے فوراً عطا کردیا۔ آپ‌ص نے فرمایا ''میں کوئی چیز اپنے پاس بچا کر نہیں رکھوں گا۔ جو کچھ ہوگا عطا کرتا جاؤں گا۔ لیکن یاد رکھو۔ جو شخص اللہ تعالی سے یہ دعا مانگے کہ وہ اسے سوال اور گداگری کی ذلت سے بچائے تو وہ اسے بچا دیتا ہے۔ اور جو اس سے غنی طلب کرے وہ اسے غنی کر دیتا ہے۔ جو صبر کرتا ہے۔ اللہ اسے صابر بنا دیتا ہے،،۔ (صحیح بخاری ص ۱۹۸، کتاب الصدقات)

آپ‌ص فرمایا کرتے تھے۔ کہ ''اگر کوئی شخص لکڑی کا گٹھا پیٹھ پر لاد کر لائے اور بیچ کر اپنی آبرو بچائے۔ یہ اس سے بہتر ہے کہ لوگوں سے سوال کرے،، (صحیح بخاری کتاب الصدقات)

**سادگی :**

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مدح سرائی اور تعریف سے نفرت کرتے تھے۔ کیونکہ اس سے تکبر اور غرور پیدا ہوتا ہے۔ عیب جوئی سے بھی آپ‌ص کو نفرت تھی۔ ناز و نعمت، تکلف اور عیش پرستی بھی آپ‌ص کو پسند نہ تھی۔ زیب و زینت اور مکانوں کی سجاوٹ بھی آپ‌ص پر گراں گزرتی تھی۔ نہایت سادہ اور بے تکلف زندگی کو پسند فرمایا کرتے تھے۔ آپ‌ص کا ارشاد ہے کہ ''گھر میں ایک بستر اپنے لئے، ایک بیوی کے لئے اور ایک مہمان کے لئے کافی ہے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



چوتھا شیطان کا حصہ ہے۔،، (ابو داؤد جلد دوم کتاب اللباس) حضرت عائشہؓ صدیقہ نے گھر میں چھت پر کپڑا لگادیا تھا۔ آپؐ نے اسی وقت یہ کہہ کر پھاڑ ڈالا۔ کہ ''خدا نے ہمیں دولت اس لئے نہیں دی ہے کہ اینٹ اور پتھروں کو کپڑے لپٹاتے پہناتے پھریں۔ (ایضاً)

ایک دفعہ ایک انصاری نے بلند گنبد تعمیر کیا، آپؐ نے ناگواری کا اظہار کیا۔ اور ''فرمایا کہ ضروری عمارت کے سوا انسان کے لئے ہر عمارت وبال ہے،، ، (ایضاً صفحہ ۳۶۴)۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس قیمتی کپڑے اور قبائیں تحفہ کے طور پر آتیں تو آپؐ انہیں دوسروں کو دے دیتے۔ خاص خاص صحابہ کو بھی قیمتی کپڑا نہ پہننے دیتے۔

حضرت فاطمہؓ کے گلے میں سونے کا ہار دیکھ کر فرمایا کہ ''بیٹی! کیا تمہیں ناگوار نہ ہوگا، جب لوگ کہیں گے کہ پیغمبر کی لڑکی کے گلے میں آگ کا ہار ہے،،۔ (نسائی جلد ۲، صفحہ ۱۴۳)۔

ازواج مطہرات نے جب دیکھا کہ لوگ آسودہ ہوگئے۔ تو بعض نے آپؐ سے گفتگو کی۔ کہ ''ہم کو بھی مزید نان و نفقہ اور ساز و سامان دیا جائے۔ جس سے عیش و عشرت کی زندگی بسر کر سکیں،،۔ آپؐ کو یہ باتیں ناگوار گزریں۔ اس ضمن میں یہ آیات نازل ہوئیں :۔

یا ایها النبی قل لازواجك ان کنتن تردن الحیوة الدنیا و زینتها فتعالین امتعکن و اسرحکن سراحاً جمیلاً۔ وان کنتن تردن الله و رسوله والدارالاخرة فان الله اعد للمحسنات منکن اجراً عظیما۔ (الاحزاب آیت ۲۸ - ۲۹)۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(اے نبی اپنی بیویوں سے کہہ دیجئے اگر دنیا کی عیش و عشرت اور امیرانہ ٹھاٹ چاہتی ہو۔ تو تمہارا میرے ساتھ نباہ نہیں ہو سکتا آؤ میں تمہیں کچھ دے دلا کر خوبصورتی کے ساتھ رخصت کر دوں۔ اور اگر اللہ اور رسولؐ کی خوشنودی اور آخرت کے اعلی مراتب کی طلب ہے۔ تو اللہ تعالی کے ہاں اس کے لئے بہت بڑا اجر تیار ہے) آپ ہمیشہ موٹے جھوٹے اور بھیڑ کی اون کے بنے ہوئے کپڑے پہنتے۔ آپؐ کا بستر عام طور پر کمبل کا تھا۔ کبھی چمڑے کا بستر بھی بچھا لیتے تھے۔ جس میں کھجور کی چھال بھری ہوتی تھی۔ حضرت حفصہؓ بیان کرتی ہیں۔ کہ ''ایک رات میں نے بستر مبارک چار تہہ کر کے بچھایا کہ ذرا نرم ہوجائے۔ صبح اٹھ کر آپؐ نے ناگواری کا اظہار فرمایا۔ کہ ''تمام رات اس بستر نے مجھے اللہ کی یاد سے غافل رکھا''۔ (شمائل ترمذی)

سنہ ۹ میں یمن سے لے کر شام تک کے ممالک اسلام کے زیر نگیں تھے۔ لیکن فرماں روائے اسلام کے گھر میں ''صرف ایک کھری چارپائی اور چمڑے کا مشکیزہ تھا''۔ (صحیح بخاری کتاب اللباس) ''وفات کے وقت گھر میں تھوڑے سے جو کے سوا کھانے کو کچھ نہ تھا''۔ (مسند ابن حنبلؒ جلد ۹، صفحہ ۱۰۸)

آپؐ صحابہ سے فرمایا کرتے تھے۔ کہ ''کن فی الدنیا کانك غریب او عابری سبیل''۔ (دنیا میں انسان کے لئے اتنا کافی ہے جتنا ایک مسافر کو زاد راہ کے لئے ضرورت ہوتی ہے۔) (ابن ماجہ کتاب الزھد) ایک دفعہ صحابہؓ نے عرض کی۔ کہ یا رسولؐ اللہ ! ہم آپؐ کے لئے نرم سا گدا بنوا کر حاضر کریں'' ارشاد ہوا۔ ''مجھے دنیا سے کیا غرض ! صرف اتنا تعلق ہے جتنا کہ اس سوار



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کو جو تھوڑی دیر کے لئے راہ میں کسی درخت کے سائے میں بیٹھ جاتا ہے۔ اور پھر اسے چھوڑ کر آگے بڑھ جاتا ہے،،۔ (ترمذی کتاب الزھد)

**مساوات :**

دربار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں امیر و غریب۔ آقا و غلام اور چھوٹے بڑے سب برا بر تھے۔ اسلام میں حضرت بلال رض، حبشی، صھیب رض رومی اور سلمان رض فارسی کا جو مقام ھے اس سے کون واقف نہیں ھے۔ دربار نبوت ص میں ان کا رتبہ قریش کے سرداروں سے کم نہ تھا۔ ایک دفعہ انھوں نے ابو سفیان رض کے لئے کچھ سخت لفظ کہہ دئیے۔ حضرت ابو بکر صدیق رض نے ٹوکا۔ کہ قریش کے رئیس اعظم کی شان میں یہ الفاظ! رسول ص کریم کو جو معلوم ھوا تو فرمایا ''کہیں تم نے ان کو ناراض تو نہیں کیا۔ کیونکہ ان کا ناراض کرنا خدا کو ناراض کرنا ھے،،۔ ابو بکر رض نے اسی وقت جا کر معافی مانگی۔ (صحیح مسلم فضائل سلمان رض و صھیب رض) مسجد نبوی کی تعمیر اور خندق کی کھدائی میں آپ ص نے تمام مسلمانوں کے ساتھ مل کر کام کیا اور کسی وقت بھی آپ ص نے اپنے آپ ص کو امتیازی حیثیت نہیں دی۔ (صحیح بخاری)

ایک سفر میں تمام صحابہ رض نے مل کر کھانا پکانے کا سامان کیا۔ اور کام تقسیم ھوگئے۔ آپ ص نے فرمایا۔ ''جنگل سے لکڑیاں چن کر میں لاؤں گا،،۔ لوگوں نے بہت اصرار کیا کہ آپ ص کا کام بھی ھم خود کرلیں گے۔ لیکن آپ ص نے منظور نہ فرمایا۔ اور صاف کہہ دیا کہ ''مجھے یہ امتیاز پسند نہیں۔ خدا اس بندے کو پسند نہیں کرتا جو اپنے ھمراھیوں میں ممتاز بنتا ھے،،۔ (زرقانی جلد ۴، ص ۳۰۶)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ایک شخص دربار نبوت میں آتا ہے، اور رعب و دہشت سے کانپنے لگتا ہے، آپص فرماتے ہیں۔ ''گھبراؤ نہیں - میں قریش کی اس عورت کا بیٹا ہوں جو سوکھا گوشت کھا کر گزارہ کیا کرتی تھی،، - (مستدرک جلد ۳ صفحہ ۴۸ واقعہ فتح مکہ)

آپص وضو فرما رہے ہیں، اور لوگ برکت کے خیال سے پانی اپنے چلوؤں میں لے کر اپنے جسم پر مل رہے ہیں، آپص فرماتے ہیں - کہ ''خدا اور خدا کے رسولص سے محبت ہے تو سچ بولو- امانت دار اور اچھے ہمسایہ بنو،، - (مشکوۃ بحوالہ شعب الایمان بیہقی)

**تواضع :**

مغرور اور بڑا بننے کا خاص وقت وہ ہوتا ہے جب انسان اپنے جلو میں ہزار ہا انسانوں کا لشکر جرار لئے فاتحانہ شان سے کسی شہر میں داخل ہوتا ہے - ایسے موقعوں پر بڑے بڑے بے نفس بھی قابو میں نہیں رہتے - ''لیکن رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی متواضعانہ خصوصیت کے نمایاں ہونے کا یہی وقت تھا - مکہ کی فتح کے بعد شہر میں داخل ہوئے تو تواضع اور عاجزی سے آپص کا سر اس قدر جھکا ہوا تھا کہ کجاوہ سے مل گیا تھا،، - (ابن ہشام فتح مکہ) خیبر فتح کر کے خیبر میں داخل ہونے والا فاتح کسی عربی و تازی گھوڑے پر سوار نہ تھا - جس کی لگام سنہری ہو۔ بلکہ گدھے پر سوار تھا - جس میں لگام کی جگہ کھجور کی رسی بندھی ہوئی تھی - (مشکوۃ اخلاق النبیص)

**عام زندگی :**

غریب سے غریب بیمار ہوتا تو آپص اس کی عیادت کو جاتے - مفلسوں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اور ناداروں کے یہاں جا کر ان کے برابر یوں بیٹھ جاتے کہ کوئی پہچان بھی نہ سکتا۔ غلاموں اور مسکینوں کے ساتھ بیٹھ کر کھانے میں کوئی پرہیز نہ تھا۔ گھر میں خود صفائی کر لیتے۔ کپڑوں میں آپ صلعم پیوند لگاتے۔ گھر کا کام کاج خود کرتے۔ دودھ دوھ لیتے۔ جوتی ٹوٹ جاتی تو خود ھی گانٹھ لیتے۔ اور بازار سے سودا خرید لاتے۔ (شمائل ترمذی)

آپ صلعم نے اپنا کام خود کرنے کو کبھی عار نہیں سمجھا تھا۔ آپ صلعم نے یہ سبق دیا ھے۔ کہ جو شخص اپنے کام کو مصیبت اور بیگار سمجھتا ھے وہ اپنی زندگی کو حقیقی طور پر کامیاب نہیں بنا سکتا۔

## حیاء:

آپ صلعم دوشیزہ لڑکیوں سے زیادہ شرمیلے تھے۔ حمام میں بے پردہ ننگے نہانے تک سے پرہیز کرنے کی نصیحت کرتے۔ فرمایا کرتے تھے۔ ''جو عورت اپنے گھر کے سوا کسی اور گھر میں کپڑے اتارتی ھے۔ خدا اس کی پردہ دری کرتا ھے (ترغیب و ترھیب) آپ صلعم کا ارشاد ھے۔ الحیاء شعبة من الایمان (حیا ایمان کا حصہ ھے) آپ صلعم کبھی بھی کھلکھلا کر نہیں ھنستے تھے۔ صرف تبسم فرمایا کرتے تھے۔ بازاروں میں جاتے تو چپ چاپ گزر جاتے۔

## عزم و استقلال:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم عزم و استقلال کے مظہراتم تھے۔ آپ صلعم کے ثبات و عزم کی اس سے بڑھ کر زندہ مثال اور کیا ہو سکتی ھے۔ کہ آپ صلعم عرب جیسی متکبر خود سر اور سخت جہالت میں مبتلا قوم میں تن تنہا اسلام کی دعوت کے لئے اٹھ کھڑے ھوتے ھیں۔ نہ کوئی مدد گار اور نہ معاون،



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



عرب کا ذرہ ذرہ مخالفت کا کوہ گراں بنا ہوا ہے۔ ،لیکن وقار نبوت کسی چیز کو بھی پرکاہ کے برابر وقعت نہیں دیتا۔ ، وہ کونسی مصیبت ہے جو آپﷺ پر نہیں ٹوٹی۔ لیکن آپﷺ بال برابر بھی پروا نہیں کرتے۔ چٹان کی طرح اپنی جگہ پر قائم رہتے ہیں۔ اور اپنا کام پورا کرکے رفیق اعلی سے جا ملتے ہیں۔

پھر ایک اور وقت آتا ہے، قریش ظلم و ستم کرکے تھک جاتے ہیں اور آپﷺ کے سامنے زر و جواہر کا خزانہ ، حسن کی دولت اور حکومت کا تخت پیش کرتے ہیں۔ ان میں سے ایک ایک چیز بہادر سے بہادر انسان کے قدم متزلزل کر دینے کے لئے کافی تھی۔ لیکن آپﷺ نے ہر چیز اور ہر پیش کش کو پائے حقارت سے ٹھکرا دیا۔ اس سے بھی بڑھ کر وہ نازک گھڑی آتی ہے کہ آپﷺ کے زندگی بھر کے مونس و غم خوار چچا ابو طالب بھی ساتھ چھوڑنے پر آمادہ ہو جاتے ہیں۔ یہ آپﷺ کے عزم و استقلال کے امتحان کی آخری ساعت تھی۔ لیکن اس وقت آپﷺ نے جو فقرے کہے وہ آج بھی جبین وقت پر ثبت ہیں۔ آپﷺ نے فرمایا۔ ''چچا جان ! اگر قریش میرے داھنے ہاتھ پر سورج اور بائیں پر چاند بھی رکھ دیں پھر بھی میں اعلان حق سے باز نہ آؤں گا،، (ابن ہشام) غزوۂ حنین میں جب کہ بارہ ہزار مسلمانوں کے قدم اکھڑ گئے تھے۔ آپﷺ تیروں کی ہلاکت خیز بارش میں بھی چٹان کی طرح جمے رہے اور زبان پر یہ شعر جاری تھا۔ انا النبی لا کذب . . . . انا ابن عبد المطلب (صحیح بخاری حنین) (میں جھوٹا نبی نہیں ہوں۔ میں عبدالمطلب کی اولاد ہوں)

احد میں صفوان برہنہ شمشیر ہاتھ میں لئے چراغ مصطفویﷺ کو بجھانے کے لئے آگے آتا ہے آپ نے نیزے کی انی ایسی لگائی کہ چیخیں مارتا ہوا بھاگ گیا۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## راست بازی :

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم راست گفتار اور صداقت شعار ایسے تھے کہ جب آپ نے نبوت کا اعلان کیا ۔ تو کسی کو بھی آپص کو جھوٹا کہنے کی ھمت نہ ھوئی ۔ ایک روز قریش کے رؤسا موجود تھے ۔ حضور نبی کریم علیہ السلام کا ذکر چل نکلا۔ تو قریش کا جہاندیدہ سردار نضر بن حارث اٹھ کر کہنے لگا ۔ کہ ''اے قریش! محمدص تمہارے سامنے بچہ سے جوان ھوا ھے ۔ وہ تم میں سب سے زیادہ امین ۔ بات کا سچا اور پسندیدہ تھا ۔ اب جب کہ اس کے بالوں پر سپیدی آچلی اس نے تمہارے سامنے یہ باتیں پیش کیں ۔ تو تم اسے جادوگر، جھوٹا، مجنوں، شاعر اور جادو زدہ انسان کہتے ھو۔ خدا کی قسم میں نے اس کی باتیں سنی ھیں ۔ محمد میں ایسی کوئی بات نہیں ۔ تم پر تو یہ کوئی نئی ھی مصیبت آئی ھے،، ۔ (ابن ھشام)

ابو جہل جیسا دشمن اور شیطان صفت انسان کہا کرتا تھا ۔ ''محمدص میں تمہیں جھوٹا نہیں کہتا ۔ البتہ جو کچھ تم کہتے ھو اسے سچ نہیں سمجھتا،، ۔ (جامع ترمذی تفسیر انعام)

ابو سفیان جس کو آپص سے خاندانی اور مذھبی دونوں قسم کی دشمنی تھی ۔ قیصر روم کے دربار میں برملا آپص کی ذات گرامی پر حملے کرتا ھے ۔ لیکن دروغ گو نہ کہہ سکا ۔ اس پر قیصر روم نے کہا تھا،، ۔ ''کہ اگر وہ خدا پر افترا باندھتا تو آدمیوں پر افترا باندھنے سے کب چوکتا،، ۔ (صحیح بخاری باب ۲، الوحی)

آپ خود سچ کے پرستار تھے ۔ اور دوسروں کو سچ بولنے کی سختی سے تاکید



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



فرمایا کرتے تھے۔ ایک موقع پر آپ‌ص نے فرمایا کہ ''مسلمان بخیل اور بزدل تو ہو سکتا ہے لیکن جھوٹا کبھی نہیں ہو سکتا،،۔ آپ‌ص فرمایا کرتے تھے۔ قل الحق وان کان مراً (ہمیشہ سچ کہو اگرچہ وہ تلخ ہی کیوں نہ ہو۔)

**نرم دلی:**

آپ‌ص رقیق القلب اور نرم دل اتنے تھے۔ کہ مصعب بن عمیر جو کہ ایک نوجوان صحابی تھے اور نہایت ہی ناز و نعم میں پلے تھے ہر وقت بیش قیمت لباس زیب تن کئے رکھتے تھے۔ اسلام قبول کرنے پر ان کے والدین نے انہیں گھر سے نکال دیا، ایک دن اس حال میں آئے کہ وہ جسم جو حریر و اطلس میں ملبوس رہتا تھا اس پر چیتھڑے لپٹے ہوئے تھے۔ یہ دیکھ کر آپ پر اتنا اثر ہوا کہ آنکھیں پرنم ہو گئیں۔ (ترغیب و ترہیب) کسی کی تکلیف و مصیبت دیکھ کر بیتاب ہوجاتے۔ اور آنکھوں سے بے ساختہ آنسو نکل پڑتے۔ عفو و درگزر کا یہ حال تھا کہ لوگوں کے بڑے بڑے قصور معاف کر دیتے تھے۔ اور گالیاں سن کر اور بدزبانی دیکھ کر اور سختیاں اٹھا کر بھی کسی کو کچھ نہ کہتے تھے۔ ایک مرتبہ ایک بدو نے آپ کی ردائے مبارک اس زور سے کھینچی کہ آپ کی گردن سرخ ہو گئی۔ آپ نے کچھ نہ کہا اور جو مانگا وہ عطا کر دیا۔

**عفو و کرم:**

قریش نے آپ کے ساتھ کیا کیا ظلم و ستم روا نہیں رکھا۔ لیکن آپ نے سب کچھ برداشت کیا۔ اور قابو پاکر بھی سب کو معاف کرتے رہے۔ صحابہ نے عرض کی۔ کہ آپ‌ص ان کے حق میں بد دعا کیجئے۔ تو فرمایا کہ مجھے میرا رب یہ کہتا ہے کہ ہم نے آپ کو تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

۸۷

کر بھیجا ہے، میں بد دعا نہیں کروں گا۔ ابو جہل اور ابو لہب سائے کی طرح آپ کے پیچھے پھرتے۔ خاک ڈالتے۔ جھٹلاتے۔ اور کوئی ہوتا تو غصے سے کانپ اٹھتا۔ مگر آپ مڑ کر بھی نہ دیکھتے تھے۔ یہودیوں اور منافقوں کی شرارتیں کس درجہ دل آزار، اشتعال انگیز اور صبر آزما ہوتی تھیں۔ آپ چاہتے تو ان کے کاشانۂ عیش کو خاکستر بنا کر رکھ دیتے۔ مگر نہیں رحمت عالمؐ کا دامن کرم بہت وسیع تھا۔

---



© rasailojaraid.com